بسم اللہ الرحمن الرحیم

ذٰلِکَ الْکِتٰبُ لَا رَیْبَ فِیْہِ

تفسیر الحسنات

جلد اوّل

پارہ ۱ تا ۵

علامہ ابوالحسنات سیّد محمد احمد قادری

ناشر

ضیاء القرآن پبلی کیشنز ○ لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم
ذٰلک الکتٰب لاریب فیہ
تفسیر الحسنات
علامہ ابو الحسنات سید محمد احمد قادری
ناشر
ضیاء القرآن پبلی کیشنز ۰ لاہور

ربطِ آیات و ربطِ سُوَر

آیات قرآن کریم اور سُور فرقان عظیم میں ایسا لطیف ربط اور حیرت انگیز تسلسل ہے کہ دنیا میں دنیا کی کسی اور کتاب میں ملنا محال ہے۔ سچ ہے قرآن پاک کلام خالق ہے اس کی خوبیوں کو مخلوق کا کلام کیسے پہنچ سکتا ہے۔

كَلَامُ الْمَلِكِ مَلِكُ الْكَلَامِ

جس طرح اس کلام معجز نظام کی فصاحت و بلاغت ارفع و افضل ہے۔ اسی طرح اس کی آیتوں سورتوں کا باہمی تناسب و تسلسل بے مثل ہے۔ طاقت بشری اس کی مثال پیش کرنے سے قاصر ہے۔ جو طبقہ قرآن کریم کی بے ترتیبی محسوس کرتا ہے۔ وہ یقیناً نادان کم فہم کم علم ہے۔ نقادان یورپ فن عربی میں مہارت حاصل کر کے جب اس کلام معجز نظام کو دیکھتے پڑھتے ہیں تو باوجود متعصب عیسائی ہونے کے کہنے پر مجبور ہوتے ہیں کہ رسول عربی جو اُمی تھے ان کا یہ کلام نہیں ہو سکتا۔ درحقیقت یہ کلام تو خالق انام ہی کا ہے کہ ترتیب کلام میں وہ لطافت نہیں۔ جو اس کلام کی بے ترتیبی میں ہے۔ اسی کو لف و نشر غیر مرتب کہتے ہیں ماہر فن ہی اس سے کچھ لذت کش و بہرہ اندوز ہو سکتا ہے۔

اندھیری رات میں جب ہم اپنے پلنگ پر لیٹ کر گلشن سماوی کے نورانی پھولوں کی طرف نظر ڈالتے ہیں تو ان کی چمک دمک خوبصورتی و دلآویزی ہماری عقل کو حیران کر دیتی ہے۔ مگر ان کی بے ترتیبی سے اُن کا بکھرا ہوا ہونا دل کو سخت کوفت پہنچاتا ہے۔ اسی وقت جی چاہتا ہے کہ جس طرح انگریزی باغوں میں پھولوں کی کیاریاں دل آویز ترتیب سے سجی ہوتی ہیں۔ اگر اسی طرح یہ بھی ہوتے تو ان کی جاذبیت دوبالا ہوتی۔ یہ بھی کوئی خوبی ہے کہ ایک بڑا ستارہ یہاں ہے تو دوسرا وہاں۔ ایک کونہ میں کہیں ایک گچھا ہے تو کہیں بلنگ بچھا ہوا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا قدرت نے نور کی کلیاں مٹھی میں بھر کر اچھال دی ہیں۔ اور وہ نہایت بے ترتیبی سے بکھری ہوئی پڑی ہیں۔

لیکن ایک صنعیات دان ماہر علم نجوم سے پوچھو تو وہ بتائے گا کہ ان بکھرے ہوئے پراگندہ ستاروں میں باہمی تناسب کیا ہے اور ان کا توازن وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُونَ کے ماتحت بحر و بر میں کس کس شان کی راہنمائی کر رہا ہے۔ ایسے ہی مخالفین نادان اور معاندین انسان نما حیوان اگر ربط آیات کو نہیں سمجھ سکتے تو وہ معذور ہیں۔ چاہیے تو انہیں یہ تھا کہ ماہرین فن سے رجوع کرتے تو ان کی آنکھیں کھل جاتیں۔

علامہ ابو جعفر نے البرہان فی مناسبت ترتیب سُوَرُ القرآن ایسے ہی غلط کاروں کی اصلاح کے لیے تالیف